## سوال

(562)اس مہر میں کتنے حصے تقسیم ہوں گے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وہاب خان کے فرزند عبدالکریم خان کو شیخ رحمان صاحب کی دختر امینہ بی بی کے ساتھ نکاح کیا گیا۔ چند روز کے بعد ایک لڑکا پیدا ہوا۔ نام غفورخان بعد دو سال کے امینہ بی بی کا انتقال ہوگیا۔ بعد تھوڑے دنوں کے غفورخان کا بھی انتقال ہوگیا۔ عبدالکریم خان زندہ ہے۔ اس وقت امینہ بی بی کے والدین مہر کے دعوے دار ہیں۔ مہر سات سو پچیس روپے ہے۔ اس مہر میں کتنے حصے تقسیم ہوں گے۔ عبدالکریم خان کو کتنا حصہ غفوخاں کو کتنا حصہ غفورخان کے حصے کے وارث کون ہیں۔ امینہ بی بی کے والدین اور بھائیوں کا کتنا حصہ اور کون کون لوگ حصہ کے حق دار ہیں۔ جواب مفصل ومدلل ہو۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صورت مسئولہ میں ترکہ اس طرح تقسیم ہوگا۔ خاوند عبدالکریم 3/18۔ ماں ہندہ 3/13 باپ زید 2/12 لڑکا غفورخان 5 بھائی محروم بعد ادائے قرض وصیت وغیرہ کل 1۔ سہام 72 میں سے حسب ذیل حصص تقسیم ہوں گے۔ عبدالکریم 38 ہندہ 17 زید 17

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد 2 ص 523**

محدث فتویٰ